# 07-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ اودے سمندرم لفٹ اریگیشن پروجیکٹ کی یادگار کا افتتاح وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کیا۔

۲۔مرکزی وزیرو تلنگانہ بی جے پی کے سربراہ کشن ریڈی نے ٹی بی مُکت ابھیان کے حصہ کے طور پر ریاست کے 9 اضلاع میں 100 روزہ ٹی بی کے خاتمہ کی مہم کا آغاز کیا۔

۳۔تلنگانہ میں عوامی حکمرانی کے جشن کے حصہ کے طور پر شہر حیدرآباد میں فوڈ فیسٹیول لگایا گیا ہے جس میں سرکردہ ہوٹلوں کے اسٹالس لگائے گئے ہیں۔

اور

۴۔حیدرآباد کے نواحی علاقہ میں پیش آئے دو علیحدہ سڑک حادثات میں سات افراد ہلاک ہوگئے۔

○○

مرکزی وزیرو تلنگانہ بی جے پی کے سربراہ کشن ریڈی نے ٹی بی مُکت ابھیان کے حصہ کے طور پر ریاست کے 9 اضلاع میں 100 روزہ ٹی بی کے خاتمہ کی مہم کا آغاز کیا۔اس مہم کا آغاز حیدرآباد کے ایرگڈہ میں واقع ٹی بی اسپتال میں کیا جو ٹی بی کے خاتمہ کیلئے قومی مقصد کو حاصل کرنا ہے۔کشن ریڈی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ ٹی بی کے خاتمہ کیلئے این ڈی اے حکومت کے اٹل موقف کا اظہار کیا۔ملک بھر میں 22 ہزار کروڑ روپئے کے صرفہ سے اس پر عمل کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹی بی کے خاتمہ کیلئے اس کے تعلق سے بیداری پھیلانے اور غلط فہمیوں کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ اس مرض کے کا ابتدا میں پتہ چلانا اور بروقت علاج، اس کے مکمل علاج میں اہم ہے۔انہوں نے ٹی بی کے مریضوں پر زور دیا کہ وہ پُرعزم رہیں اور علاج کے منصوبہ پر قائم رہیں۔

○○

بی آر ایس مقننہ پارٹی کا اجلاس پارٹی سربراہ و سابق وزیراعلی کے چندر شیکھر راو کے سدی پیٹ ضلع کے ایراولی میں واقع فارم ہوز میں کل دوپہر منعقد کیا جائے گا۔اس اجلاس کو اہمیت حاصل ہوگئی ہے کیونکہ پیر سے تلنگانہ اسمبلی کا سرمائی سیشن شروع ہونے والا ہے۔بی آر ایس کے ارکان اسمبلی، ارکان کونسل کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اس اجلاس میں شرکت کریں جس میں پارٹی کی قیادت اسمبلی میں اٹھائے جانے والے مسائل اور حکمت عملی پر غور و خوض کرے گی۔

○○

تلنگانہ میں عوامی حکمرانی کے جشن کے حصہ کے طور پر شہر حیدرآباد میں فوڈ فیسٹیول لگایا گیا ہے جس میں سرکردہ ہوٹلوں کے اسٹالس لگائے گئے ہیں۔شہر کے پی وی نرسمہا راو مارگ ٹینک بنڈ پر یہ اسٹالس لگائے گئے ہیں جو پیر تک کھلے رہیں گے۔ان اسٹالس میں کئی اقسام کی کھانے کی اشیا ہوں گی۔ان اسٹالس میں حیدرآبادی، مغلائی، تلنگانہ، اے پی کے غذائی آئٹمس کے ساتھ ساتھ بیکری آئٹمس بھی شامل ہیں۔ساتھ ہی حمڈا گراونڈس پر میوزیکل نائٹ بھی منعقد کی گئی۔

○○

محبوب نگر ضلع میں زلزلے کے ہلکے جھٹکے محسوس کیئے گئے۔ ریکٹر اسکیل پر ان کی شدت 3 درج کی گئی۔ ضلع کے کوئٹلہ منڈل کے داسرا پلی مستقر میں ہفتہ کو دوپہر 12 بجکر 15 منٹ پر یہ جھٹکے محسوس کیئے گئے۔ حال ہی میں تلگو ریاستوں کے کئی مقامات پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کیئے گئے تھے۔

○○

عوامی حکمرانی کے جشن، تلنگانہ تلی کے مجسمہ کی نقاب کشائی کے پروگراموں کے لئے گورنر تلنگانہ جشنو دیو ورما، مرکزی وزیر کشن ریڈی، بی آر ایس سربراہ کے چندر شیکھر راو کو تلنگانہ حکومت نے مدعو کیا ہے۔ ریاست میں کانگریس حکومت کے ایک سال کی تکمیل کے موقع پر سرکاری طور پر تقاریب منائی جارہی ہیں۔ ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ و حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے راج بھون پہنچ کر گورنر، دلکشا گیسٹ ہوز پہنچ کر مرکزی وزیر وبی جے پی کے ریاستی سربراہ کشن ریڈی سے ملاقات کرتے ہوئے ان تقاریب کے دعوت نامے حوالے کرتے ہوئے ان کو ان تقاریب میں شرکت کے لئے مدعو کیا۔ بعد ازاں انہوں نے ایراولی فارم ہوز پہنچ کر سابق وزیر اعلی وبی آر ایس سربراہ کے چندر شیکھر راو سے ملاقات کی اور ان کو بھی ان تقاریب میں شرکت کے لئے مدعو کیا۔ وزیر ٹرانسپورٹ کے ہمراہ سرکاری پروٹوکول کے مشیر، ایچ وینو گوپال، راجیہ سبھا کے رکن انیل کمار یادو، کلکٹر حیدرآباد انو دیپ دوری شیٹی بھی تھے۔

○○

وزیر اعظم مودی کی زیر صدارت معاشی امور کی کابینی کمیٹی کی جانب سے منظورہ 28 اسکولس میں سے تلنگانہ کے 7 اضلاع کے لئے نوودیا ودیالیہ اسکولس کی منظوری عمل میں لائی گئی ہے۔ مرکزی حکومت کی نوودیالیہ ودیالیہ اسکیم کے تحت یہ اسکولس ان علاقوں کیلئے منظور کئے گئے ہیں جن کا قبل ازیں احاطہ نہیں کیا گیا تھا۔ اس تلگو ریاست کے جگتیال، نظام آباد، بھدرادری کوتہ گوڑم، میڑچل ملکاجگری، محبوب نگر، سنگاریڈی اور سوریاپیٹ کے لئے یہ اسکولس منظور کئے گئے ہیں۔ یہ اسکولس مکمل طور پر اقامتی اور مخلوط تعلیم کے حامل ہوں گے جہاں پر بہتر معیاری تعلیم ساتویں جماعت سے بارہویں جماعت تک دی جائے گی۔ ان میں دیہی علاقوں کے طلبہ کو ترجیح دی جائے گی جن کے خاندانوں کے سماجی ومعاشی حالات خراب ہیں۔ وزیر اعلی ریونت ریڈی اور ان کے نائب ملو بھٹی وکرامارکا نے 4 جولائی 2024 کو وزیر اعظم مودی سے اس خصوص میں نمائندگی کرتے ہوئے ان پر زور دیا تھا کہ وہ ریاستی حکومت کی سفارش کے مطابق تلنگانہ کیلئے ایسے 24 اسکولس منظور کرے۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے سوشیل میڈیا کے اہم پلیٹ فارم ایکس پر اس سلسلہ میں اطلاع دیتے ہوئے کہا کہ دیہی اور دور دراز علاقوں کے طلبہ کو بہتر تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کا موقع ان اسکولس کے ذریعہ دیا جائے گا تاکہ اس کے ذریعہ مساوی ترقی ہوسکے۔

○○

رچہ کنڈہ پولیس کمشنریٹ کے حدود کے یادگیر گٹہ کے قریب کار جلال پور جھیل میں گر پڑی۔ اس حادثہ کے وقت کار میں 6 افراد سوار تھے جن میں 5 کی موت ہوگئی جبکہ ایک شخص محفوظ رہا۔ یہ حادثہ ہفتہ کی صبح تقریباً 5 بجے پیش آیا۔ پولیس کو ایمرجنسی کال کے ذریعہ صبح تقریباً 5.27 بجے اطلاع ملی۔ پولیس نے بتایا کہ مہلوکین کی عمر 19 تا 23 برس کے درمیان ہے جو حالت نشہ میں تھے۔ اس بات کی تصدیق اس حادثہ میں بچ جانے والے 21 سالہ میدو بینا یادو نے کی جو بوڈ اُپل علاقہ کا رہنے والا ہے۔ مہلوکین کی شناخت حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے ومسی، دنیش، ونئے، ہرشا اور بالو کے طور پر کی گئی ہے۔ پولیس نے اس سلسلہ میں ایک معاملہ درج کر کے لاشوں کو کار سے نکال کر پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا۔

❍❍

تلنگانہ کے وزیر زراعت ٹی ناگیشوراؤ نے کہا ہے کہ کسانوں کو روایتی فصلوں سے ہٹ کر زیادہ منافع والی فصلوں کو اگانے پر انحصار پر غور کرنا چاہئے۔ وزیر موصوف نے سوریا پیٹ ضلع میں کل شب ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کاشتکار پام آئل کی کاشت کریں تو دھان سے زیادہ منافع حاصل کر سکتے ہیں، حکومت 51 ہزار روپئے فی ایکڑ سبسیڈی دے گی۔ انہوں نے کہا کہ پام آئل میں تمام فصلوں سے زیادہ منافع کمایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسان فرسودہ خیالات کو چھوڑتے ہوئے صرف دھان کی کاشت پر انحصار کم کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نے اس سال کسانوں کی بہبود کے لیے 60 ہزار کروڑ روپے خرچ کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک کسان کے طور پر، وہ یہ سمجھتے ہیں کہ کسانوں کو سرکاری امدادی اسکیموں کا انتظار نہیں کرنا چاہیے اور اس طرح ترقی کرنی چاہیے کہ وہ زیادہ منافع کما کر دوسروں کی مالی مدد کر سکیں۔

❍❍

اودے سمندرم لفٹ اریگیشن پروجیکٹ کی یادگار کا افتتاح وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کیا۔ انہوں نے اودے سمندر لفٹ اریگیشن پروجیکٹ کے مقام پر ڈیلیوری چینلز کا آغاز کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے پوجا کی۔ تقریب میں قانون ساز کونسل کے چیرمین جی سکھندر ریڈی، نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرم مارکہ، وزراء، ممبران پارلیمنٹ، ممبران اسمبلی، اور ایم ایل سیز نے شرکت کی۔ یادادری تھرمل پاور اسٹیشن میں فوٹو نمائش کا وزیر اعلیٰ نے مشاہدہ کیا۔ انہوں نے یدادری تھرمل اسٹیشن میں 800 میگاواٹ کے یونٹ 2 کو قوم کے نام کیا۔ یادادری تھرمل اسٹیشن کے حکام، انجینئرز اور عملے کے ساتھ وزیر اعلیٰ نے گروپ فوٹو کھنچوائی۔ بعد ازاں وزیر اعلیٰ نے میڈیکل کالج کی عمارت کا نلگنڈہ میں افتتاح کیا۔

❍❍

وزیر فینانس نرملا سیتا رامن نے آنے والے 26-2025ء کے بجٹ کے سلسلہ میں سرکردہ زرعی معاشی ماہرین اور کسانوں کی تنظیموں کے ساتھ اجلاس منعقد کرتے ہوئے مختلف امور پر مشاورت کی۔ مرکزی مملکتی وزیر فینانس پنکج چودھری، فینانس سکریٹری دپم اور سکریٹری معاشی امور اس موقع پر موجود تھے۔

❍❍

وزیر اعظم مودی نے آج کہا ہے کہ مسلح افواج کا فلیگ ڈے ملک کے پرعزم فوجیوں کی قربانی اور عزم کو سلام کرتا ہے۔ انہوں نے فلیگ ڈے کے موقع پر اپنے پیام میں کہا کہ فوجیوں کی بہادری کا جذبہ اور قربانی تمام کے لئے عاجزی کا اظہار ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ فلیگ ڈے فنڈ میں عطیہ دیں۔

❍❍

حیدرآباد کے نواحی علاقہ میں پیش آئے دو علیحدہ سڑک حادثات میں سات افراد ہلاک ہوگئے۔ میڑچل ضلع کے پیٹ بشیرآباد میں پیش آئے سڑک حادثہ میں برقی پول سے بائیک ٹکرا گئی جس کے نتیجہ میں موٹر سائیکل چلانے والا اور عقبی نشست پر سوار شخص ہلاک ہوگیا۔ دوسرے حادثہ میں پانچ افراد اس وقت ہلاک ہوگئے جب کار جھیل میں گر گئی۔